# 05-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔رنگا ریڈی ضلع کے کندوکور منڈل میں ملک کے سب سے بڑے اور جامع اِن لینڈ ٹراؤٹ فِش فارم کا آج مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ نے کیا افتتاح۔

۲۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ ریاست میں بجلی کے شعبے کو مضبوط بناتے ہوئے کسانوں اور عام عوام کو معیاری خدمات فراہم کرنا ہی حکومت کا مقصد ہے۔

۳۔خواتین واطفال بہبود کی وزیر سیتااکا نے اسمبلی میں بتایا کہ ریاست بھر میں اندرا مہیلا شکتی کینٹین قائم کی جائیں گی۔

۴۔ریاستی وزیر صحت داموودھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ سرکاری اسپتالوں میں بہتر طبی خدمات فراہم کرنے کے لیے حکومت موثر اقدامات کر رہی ہے۔

## Assembly-Mahila Shakti Cantien

ریاستی وزیر بہبود خواتین واطفال ستیااکا نے بتایا کہ ریاست بھر میں اندرا مہیلا شکتی کینٹین قائم کرنے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اسمبلی میں آج بالو نائیک اور کے ستیہ نارائن کی جانب سے پوچھے سوال کا جواب دیتے ہوئے سیتکا نے ان خیالات کا اظہار کیا۔انہوں نے بتایا کہ ریاست میں دوسو پچاس اندرا مہیلا شکتی کینٹین کامیابی سے چل رہے ہیں۔ اور درکار علاقوں میں مزید کینٹین کھولے جائینگے ۔انہوں نے خواتین کو خود مختار بنانے اور انکی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکنہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

## Assembly-Bjp

ریاست کے تعلیمی اداروں میں جاری بحران پر مباحث کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے بی جے پی کے ارکان اسمبلی نے آج اسمبلی سیکریٹری کو تحریک التواء دیا۔اس موقع پر قانون ساز اسمبلی میں بی جے پی

کے لیڈر ایلیٹی مہیشور ریڈی بات کرتے ہوئے جونیر اور ڈگری کالج کے علاوہ پی جی یونیورسٹیز میں داخلوں کیلئے طلباء گھٹتی ہوئی تعداد پر تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ زیرالتواء فیس ریمبرسمنٹ کی ادائیگی نہ ہونے کی وجہ سے مالکان کالج نہیں چلا پا رہے ہیں ۔

Assembly-Damodhar Rajnarsimha

ریاست وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے کہا کہ معیاری تعلیم فراہم ہی ریاستی حکومت کا نصب العین ہے۔اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران سنجیور یڈی، بالو نائیک، دانم ناگیندر راور راجیش ریڈی کے علاوہ دیگر کی جانب سے پوچھے سوالات کا ریاستی وزیر جواب دے رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت سوشیل ویلفیر ریسیڈنشیل اسکولس پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔دامودھر راج نرسمہا نے کہا کہ ایک سو پانچ حلقوں کے ریسیڈینشل اسکولوں میں ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ اسکولوں کے عمارتوں کی تعمیر آئندہ سال تک مکمل ہوجائے گی۔انہوں نے بتایا کہ ریاست میں چھ سو بیالیس ریسیڈنشیل اسکولس میں پانچ لاکھ ساٹھ ہزار طلباء زیر تعلیم ہیں۔ان سبھی طلباء کو تمام تر سہولتیں فراہم کرنے کے علاوہ انٹی گریٹیڈ اسکولس تعمیر کئے جارہے ہیں۔

Phone Tping-Supreme Court

فون ٹیپنگ معاملے میں تلنگانہ حکومت کی جانب سے رادھاکشن راو اور ہریش راو کے خلاف دائر کردہ درخواست کو سپریم کورٹ نے رد کردیا ہے۔جسٹس بی وی ناگارتنا بنچ نے بتایا کہ اس معاملے میں داخل کردہ درخواست کو پہلے رد کردیا گیا ہے۔عدالت عظمیٰ نے کہا کہ رادھاکرشنن اور ہریش راو کی جانب سے داخل کردہ درخواستوں کے تعلق سے ہائی کورٹ کے فیصلے میں مداخلت نہیں کی جاسکتی۔

National Birds Day

آج پرندوں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ پرندوں کی حفاظت اور انکے گھونسلوں کی حفاظت کے مقصد سے یہ دن منایا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ قدرت کے شاخین اور پرندوں کے شیدا انکی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے اقدامات کرر ہے ہیں۔ اسی طرح تائید ہورہے پرندوں کی حفاظت اور انکے گھونسلوں کی حفاظت کے تعلق سے عوام میں شعور بیدار کرر ہے ہیں۔

Ram Chander Rao

مرکزی حکومت کی جانب سے دیہی علاقوں کے غریبوں کو روزگار کی ضمانت کے ساتھ ساتھ ذریعہ معاش کو مزید مضبوط بنانے کے مقصد سے متعارف کرائے گئے GRAMVB-G ایکٹ 2025 کی مخالفت میں تلنگانہ ریاستی حکومت کی طرف سے اسمبلی میں قرارداد پیش کیے جانے پر بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے اعتراض کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام، کسانوں اور مزدوروں کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق لائے گئے اس قانون پر کانگریس پارٹی عوام کو گمراہ کرنے والی مہم چلا رہی ہے۔ آج حیدرآباد میں بی جے پی کے دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے رام چندر راؤ نے کہا کہ مہاتما گاندھی کے نظریات کے مطابق گاؤں کی خود کفالت اور خود اعتمادی کو مضبوط بنانے کی سمت میں یہ قانون ایک قدم ہے اور اس کے ذریعے رام راجیہ کی طرف پیش رفت ہورہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس قانون کے تحت پہلے کے 100 دنوں کے کام کو بڑھا کر 125 دن کردیا گیا ہے اور ہر ہفتے اجرت کی ادائیگی ہوگی، جس سے سماجی بہبود مزید مستحکم ہوگی۔

Bhatti Vikramarka

ریاست میں بجلی کے شعبے کو مضبوط بناتے ہوئے کسانوں اور عام عوام کو معیاری خدمات فراہم کرنا ہی حکومت کا مقصد ہے، یہ بات نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے کہی۔ آج قانون ساز کونسل میں سوال و

جواب کے دوران بجلی کے شعبے پر ہونے والی بحث کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومتوں کے دور میں جمع ہونے والے مسائل کو حل کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بجلی کے شعبے کو عوام کے قریب لایا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 3 لاکھ 44 ہزار 462 کسانوں کو نئے بجلی کنکشن دیے گئے ہیں اور 75 ہزار 686 نئے ٹرانسفارمر نصب کیے گئے ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ بجلی کی فراہمی میں خلل کی صورت میں 108 طرز پر 1912 بجلی ایمبولینس سروس کو دستیاب کرایا گیا ہے۔

## Sammakka Jatara

آئندہ ماہ کی 28 سے 31 تاریخ تک منعقد ہونے والی سمکا سارالماں مہا جاترا میں اہلِ خانہ کے ساتھ شرکت کی دعوت دیتے ہوئے ملوگو ضلع کی وزیر سیتا اکا اور پنڈتوں نے اسمبلی کے احاطے میں ریاستی وزراء سریدھر بابو اور رائے لکشمن کمار سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزراء کو دعوت نامے دئے گئے۔

## Fish Farm Inauguration

رنگا ریڈی ضلع کے کندوکور منڈل میں ملک کے سب سے بڑے، جامع اِن لینڈ ٹراؤٹ فِش فارم کا افتتاح آج مرکزی وزیرِ ماہی پروری راجیو رنجن سنگھ نے کیا۔ تقریباً 50 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے اسمارٹ گرین ایکوا کلچر نامی اسٹارٹ اپ نے اس منصوبے کو تعمیر کیا ہے۔ یہ فِش فارم جدید ری سرکولیٹنگ ایکوا کلچر سسٹم ٹیکنالوجی کے ذریعے سالانہ 1200 میٹرک ٹن مچھلی کی پیداوار کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ اس منصوبے کے پیچھے 31 سالہ نوجوان انجینئر آدتیہ رتوک نرا کی لگن قابلِ ستائش ہے۔ یورپی مما لک میں اس مچھلی کی بھاری مانگ کو دیکھتے ہوئے برآمدات کے لیے مکمل تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی گئی۔

## Sound Byte.

اس یونٹ سے تقریباً 200 افراد کو روزگار ملے گا۔ اس پروگرام میں مرکزی وزراء ایس پی سنگھ بگھیل، جارج کورین اور رکنِ پارلیمنٹ کونڈا ویشویشور ریڈی نے شرکت کی۔

Weather

حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے بتایا ہے کہ ریاست میں مشرقی اور جنوب مشرقی سمت سے ٹھنڈی ہوائیں چل رہی ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج اور کل بعض علاقوں میں کہر چھانے کا امکان ہے۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیرِ ریونیو پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ سب رجسٹرار دفاتر میں آنے والے عوام کو موثر، شفاف اور بہتر خدمات فراہم کرنے کے لیے کئی اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں۔ انہوں نے قانون ساز کونسل میں رکن اے وی این ریڈی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ جدید سب رجسٹرار آفس سسٹم کے ذریعے بدعنوانی پر قابو پایا جا رہا ہے۔ وزیر نے کہا کہ کرائے کی عمارتوں میں چلنے والے سب رجسٹرار دفاتر کے لیے مستقل عمارتیں تعمیر کی جائیں گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سلاٹ بُکنگ نظام کے باعث رجسٹریشن کے عمل میں درکار وقت نمایاں طور پر کم ہوا ہے۔

YEAR ENDER-ENERGY SECTOR

سال 2025 ہندوستان کی ترقی کے سفر میں ایک اہم سنگِ میل کے طور پر سامنے آیا، جہاں پالیسیوں نے عملی شکل اختیار کی اور ارادوں نے واضح اثر دکھایا۔ اس خصوصی سلسلے ‘Year of Reforms’ میں آج ہم آپ کو 2025 کے دوران ہندوستان کے توانائی کے شعبے میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کر رہے ہیں۔

VC-AKSHIT IN ENG/HIN

سال 2025 میں ہندوستان کے توانائی کے شعبے میں بجلی، نیوکلیئر توانائی، صاف توانائی کی منتقلی اور اسٹراٹیجک معدنیات سے متعلق طویل عرصے سے زیرِ التوا اصلاحات عملی مرحلے میں داخل ہوئیں۔ شانتی بل کی منظوری کے ساتھ ہی شہری نیوکلیئر شعبے میں دہائیوں سے جاری جمود کا خاتمہ ہوا۔ اس

اصلاح سے نجی شعبے کی شمولیت کی راہ ہموار ہوئی اور ساتھ ہی سلامتی اور جوابدہی کے معیارات کو مضبوط کیا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ہندوستان 2047 تک نیوکلیئر توانائی کی صلاحیت کو دس گنا سے زیادہ بڑھانے کے منصوبے پر آگے بڑھ رہا ہے۔

BYTE-NARENDRA MODI

2025 میں نیشنل کریٹیکل منرل مشن کے ذریعے اہم معدنیات سے متعلق ہندوستان کی اسٹراٹیجک پالیسی نے طویل عرصے سے نظر انداز کی گئی کمزوریوں کو اجاگر کیا۔ توانائی کے شعبے کو مضبوط بنانے کے لیے الیکٹرسٹی (ترمیمی) بل، 2025 میں بجلی کی تقسیم میں مسابقت، نیٹ ورک کی جدید کاری اور مالی نظم و ضبط کو ترجیح دی گئی۔ قابلِ تجدید توانائی کے میدان میں بھی 2025 نے ہندوستان کو عالمی سطح پر ایک قائد کے طور پر مزید مضبوط کیا۔ بڑے سولر پارکس، ونڈ کاریڈورز، پی ایم سوریہ گھر کے تحت روف ٹاپ سولر اور کسانوں کے لیے پی ایم۔ کُسم اسکیموں کے ذریعے صاف توانائی گھروں، کھیتوں اور صنعتوں تک پہنچی۔ 2025 کے وسط تک ہندوستان مجموعی قابلِ تجدید توانائی کی صلاحیت میں دنیا میں چوتھے، ہوا سے بجلی پیدا کرنے میں چوتھے اور شمسی توانائی میں تیسرے نمبر پر رہا۔ غیر فوسل ایندھن سے حاصل ہونے والی بجلی اب مجموعی نصب شدہ صلاحیت کا تقریباً 44 فیصد ہے، جو 2030 کے ہدف سے بھی زیادہ ہے، جبکہ جی ڈی پی کی اخراجی شدت میں مسلسل کمی آئی ہے۔ سال 2025 میں ہندوستان نے اپنی توانائی سلامتی کو مزید مستحکم کیا اور عالمی صاف توانائی کے شعبے میں اپنی پوزیشن کو مضبوط بنایا۔

Assembly - Hospitals

ریاستی وزیر صحت داموددھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ سرکاری اسپتالوں میں بہتر طبی خدمات فراہم کرنے کے لیے حکومت موثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اسمبلی میں اراکین کے سامبا شیوا راؤ، لکشما ریڈی، پی ہری بابو، نارائن ریڈی اور میر ذوالفقار علی کی جانب سے پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے

ہوئے یہ بات کہی۔ وزیر نے بتایا کہ نمس میں اضافی طور پر 125 وینٹی لیٹرز دستیاب کرائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ریاست بھر کے سرکاری اسپتالوں میں 1,670 وینٹی لیٹرز موجود ہیں جبکہ مزید 485 وینٹی لیٹرز کو فروری تک دستیاب کرایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بیڈس، ادویات اور وینٹی لیٹرز کے معاملے میں حکومت خصوصی اقدامات کر رہی ہے۔ عام لوگوں کو بہتر علاج فراہم کرنے کے مقصد سے سرکاری اسپتالوں کی توسیع بھی کی جارہی ہے۔

○○